واستغفر الله (النساء ع ۱٦) فسبح بحمد ربك واستغفره (النصر) واستغفر لذنبك وسبح بحمد ربك بالعشي والابکار (المومن ع ٦)

اسی طرح غضب، خوف اور دوسری انسانی فطرت کی چیزیں آپ کے اندر موجود تھیں جن سے آپ کا بشر ہونا صاف ظاہر ہوتا ہے۔

(جاری)

فلسفہ کیا ہے؟

از

ڈاکٹر میر ولی الدین، سابق صدر شعبۂ فلسفہ جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد دکن

یہ میر ولی الدین صاحب کے چار نہایت اہم مقالات کا مجموعہ ہے جو حسب ذیل عنوانات پر مشتمل ہے

(۱) قرآن اور فلسفہ، (۲) فلسفہ کیا ہے؟ (۳) ہم فلسفہ کیوں پڑھیں؟ (۴) فلسفہ کی دشواری۔

ان چاروں مقالات میں فلسفہ کے رموز و نکات کی تشریح نہایت دلنشین انداز اور آسان زبان میں کی گئی ہے فلسفہ جیسے خشک موضوع پر ایسے اچھے مضامین ایک محقق اور تجربہ کار استاد ہی لکھ سکتا ہے۔

پہلے مقالے کا عنوان "قرآن اور فلسفہ" ہے۔ اس میں سائنس اور فلسفہ کے فرق کو واضح کیا ہے اور قرآن کی تعلیمات کی روشنی میں فلسفہ کی تعریف اور سائنس کے نظریات کا تجزیہ کیا ہے۔ زبان آسان اور شگفتہ۔ کتابت و طباعت اچھی ہے سائز $\frac{20\times30}{16}$

صفحات ۱۱۸ مجلد قیمت -/۸ روپے۔